© rasailojaraid.com

مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی

مدرس جامعہ دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

# نکتۂ ایماں فقط ہے احترام مصطفیٰؐ

یہ نعتیہ اشعار ناموس رسالت کے تناظر میں موزوں ہوئے۔ (فانؔی)

---

اک گدائے بینوا ہوں تشنہ کامِ مصطفیٰؐ
کر مجھے سیراب از کوثر بجامِ مصطفیٰؐ

جن کے دیوانے زمانے بھر کے فرزانے رہے
سارے عالم پر عیاں حسن تمامِ مصطفیٰؐ

غیر ممکن ہے جہاں میں امن و راحت کا حصول
جب تلک نافذ نہ ہو یاں پر نظامِ مصطفیٰؐ

رب ہے رب العالمین وہ رحمۃ للعالمین
دو جہاں ہیں بس فدائے احتشامِ مصطفیٰؐ

سید ختم الرسل ہے باعث تخلیق کل
دل بنام مصطفیٰؐ جاں بھی بنامِ مصطفیٰؐ

کس طرح کرتا ہے تو حملہ بناموسِ رسول
کیا خبر تجھ کو لعیں کیا ہے مقامِ مصطفیٰؐ

عشقِ احمدؐ سے جو عاری ہو وہ مؤمن ہی نہیں
نکتہ ایمان فقط ہے احترامِ مصطفیٰؐ

میرا یہ ربتہ ہے اللہ وجہ عزوافتخار
فانیؔ بیدل بھی ہے ادنیٰ غلام مصطفیٰؐ

© rasailojaraid.com